لاہور قلندرز کی پلے آف مرحلے میں رسائی کی راہ ہموار

لاہور،13 فروری2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے بیسویں میچ میں لاہور قلندرز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 8 وکٹوں سے ہرا کر ٹورنامنٹ کے پلے آف مرحلے میں رسائی کی راہ ہموار کرلی ہے۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں لاہور قلندرز نے 142 رنز کا ہدف 14 گیندیں قبل محض 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں لاہور قلندرز کے ان فارم اوپنر فخر زمان نے ٹورنامنٹ میں اپنی پانچویں نصف سنچری اسکور کی۔ انہوں نے 6 چوکوں کی بدولت 53 رنز کی اننگز کھیلی۔

فخر زمان نے عبداللہ شفیق کے ہمراہ 41 رنز کی اوپننگ شراکت قائم کرنے کے بعد کامران غلام کے ساتھ مل کر 75 رنز کی پر اعتماد پارٹنرشپ قائم کی۔ عبداللہ شفیق 19 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

کامران غلام نے 39 گیندوں پر ایک چھکے اور 4 چوکوں کی بدولت 55 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

نور احمد اور غلام مدثر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

لاہور قلندرز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو شاہین شاہ آفریدی نے پہلے ہی اوور میں ان فارم بیٹرز جیسن رائے اور جیمز ونس کو کھاتہ کھولے بغیر پویلین واپس پہنچا کر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو دباؤ کا شکار کر دیا۔ 54 کے مجموعی اسکور پر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ چکی تھی۔ ایسے میں افتخار احمد نے مزاحمت کرتے ہوئے نصف سنچری اسکور کی۔ انہوں نے 39 گیندوں پر 3 چھکوں اور 2 چوکوں کی بدولت 52 رنز کی اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کو کچھ سنبھالا دیا۔

عمر اکمل کے 25 اور حسان خان کے 17 رنز نے بھی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 141 رنز بنانے میں مدد کی۔ ڈیوڈ ویزے اور شاہین شاہ آفریدی نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4